A+

eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2021

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 9 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Start each question on a new page. Answer both Sections A and B.
4. All answers must be in URDU.
5. Number your answers exactly as the questions are numbered.
6. Leave a line open between answers.
7. It is in your own interest to write legibly and to present your work neatly.

Downloaded from eduresourceza.com

IEB Copyright © 2021

Downloaded from eduresourceza.com

SECTION A

QUESTION 1 COMPREHENSION

سوال نمبر ۱ : کہانی

رمضان شریف کی اُنتیسویں تاریخ تھی۔ مغرب کا وقت تھا۔ لوگ عید کا چاند دیکھ رہے تھے۔ کچھ لوگ چھتوں پر کھڑے تھے، کچھ میدان میں۔ سب کی نگاہیں آسمان کی طرف اٹھی ہوئی تھیں۔

کسی نے کہا: "میں نے دیکھ لیا، دیکھ لیا، وہ رہا چاند۔"

دوسرے نے پوچھا: "کہاں ہے؟ مجھے بھی دکھاؤ۔"

بچوں نے خوش ہو کر چلّانا شروع کیا:

وہ دیکھو! وہ نکلا چاند عید کا پیارا پیارا چاند

آہا ! آئی میٹھی عید دُودھ، سوئیّاں لائی عید

لوگ "نیا چاند دیکھنے کی دعا" پڑھنے لگے۔ ایک دوسرے کو عید کی مُبارک باد دینے لگے۔ لو! سویرا ہو گیا۔ آج عید کا دن ہے۔ ہر طرف خوب چہل پہل ہے۔ چھوٹے بڑے سب بہت خوش ہیں۔ سب نے نہا دھو کر نئے نئے کپڑے پہنے ہیں، کپڑوں میں عطر لگایا ہے۔ بچوں کی خوشی کا کیا کہنا؟ رنگ رنگ کے کپڑے اور چمکیلی ٹوپیاں پہنے ہوئے ہیں۔ اپنے کپڑے ایک دوسرے کو دکھاتے پھر رہے ہیں۔ ہنس ہنس کر ایک دوسرے سے باتیں کر رہے ہیں۔ عید کی مبارک باد دے رہے ہیں۔

جواب لکھیئے۔

سوال نمبر ۱

۱. مغرب کے وقت لوگ کیا دیکھ رہے تھے؟ (2)

۲. لوگ کہاں کہاں کھڑے تھے؟ (2)

۳. جب عید کا چاند نظر آیا تو لوگ کیا کیا کرنے لگے؟ (2)

۴. چھوٹے بڑے سب کیوں خوش تھے؟ (2)

۵. بچوں کے کپڑے کیسے تھے اور کیوں؟ (2)

Downloaded from eduresourceza.com

IEB Copyright © 2021

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۲ الفاظ کو جملوں میں لکھیئے۔

۱. مبارک باد۔ (1)

۲. چاند۔ (1)

۳. چہل پہل۔ (1)

۴. خوش ہوکر۔ (1)

۵. میدان۔ (1)

سوال نمبر ۳ واحد یا جمع میں لکھیئے۔

۱. ٹوپی۔ (1)

۲. کپڑے۔ (1)

۳. میدان۔ (1)

۴. دن۔ (1)

۵. دوسرا۔ (1)

سوال نمبر ۴ پیراگراف لکھیئے۔

۱. آپ نے عید کس طرح منائی تھی؟
(۸-۱۰ لائن) لکھیئے۔ (10)

[30]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 2 LANGUAGE

سوال نمبر ۲: گرائمر

عابد اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا تھا۔ وہ بہت نیک اور عقل مند تھا۔ ہمیشہ اپنے والدین کا کہا مانتا اور بہن بھائیوں سے پیار کرتا تھا۔ بڑوں کو سلام کرنے میں پہل کرتا اور ہر ایک کا دل سے احترام کرتا۔ مسجد میں باقاعدگی سے نماز پڑھنے جاتا۔ وہ اپنی پڑھائی سے فارغ ہو کر گھر کے کاموں میں اپنی امی جان کا ہاتھ بٹاتا۔

ایک دن اس کے دوست نے اسے اپنے ہاں آنے کی دعوت دی۔ اس کا خیال تھا کہ وہ عصر کی نماز سے فارغ ہو کر اپنے دوست کے ہاں جائے گا۔ وہ اچانک کسی بات پر اپنی امی جان سے ناراض ہو گیا۔ مسجد سے گھر آ کر اس نے کپڑے تبدیل کیے، سائیکل پکڑی اور چپکے سے اپنے دوست کی طرف روانہ ہو گیا۔ وہ بوجھل دل کے ساتھ سائیکل چلا رہا تھا۔

اس نے کل ہی مسجد میں جمعہ کی نماز کے دوران یہ حدیث سنی تھی کہ ایک صحابیؓ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ دنیا میں مجھے کس کی سب سے زیادہ خدمت کرنی چاہیے۔ آپؐ نے فرمایا۔ اپنی ماں کی۔ اس صحابیؓ نے پھر پوچھا کہ اس کے بعد میں کس کی سب سے زیادہ خدمت کروں۔ آپؐ نے کہا ماں کی۔

سوال نمبر ۱۔ ضد لکھیے۔

۱. بڑوں۔ (1)

۲. عقل مند (1)

۳. احترام (1)

۴. دوست (1)

۵. پوچھنا (1)

سوال نمبر ۲۔

پیراگراف لکھیے

عابد اور اس کا دوست۔ (۵-۶ لائن)۔ (5)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2021

Downloaded from eduresourceza.com

سوال نمبر ۳: صحیح افعال لکھیئے۔

۱. دو لڑکے نماز ______ ہیں۔ (1)

۲. میری ماں کھانا ______ ہے۔ (1)

۳. اُستاد ہمیں پیار سے ______ ہے۔ (1)

۴. فارُوق نے دادا کو دُودھ ______ ۔ (1)

۵. رات کو تم جلدی گھر ______ ۔ (1)

سوال نمبر ۴۔ انگریزی میں ترجمہ لکھیئے۔

ٹیلی ویژن پر طرح طرح کے پروگرام دکھائے جاتے ہیں۔ جیسے ڈراما، کہانی، گانے، خبریں، فلم وغیرہ۔ بچوں اور عورتوں کے لیے بھی پروگرام دکھائے جاتے ہیں۔

ٹیلی ویژن صرف تفریح کی چیز نہیں۔ اس کی مدد سے تعلیم بھی دی جاتی ہے۔ روزانہ ٹیلی ویژن پر اسکول اور کالج کے طلبہ کے لیے تعلیمی پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔ سائنس، اُردو، انگریزی اور کئی اہم مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے۔ (10)

سوال نمبر ۵

کا، کے، کی، کو چُن کر جملوں میں لکھیئے۔

۱. لڑکے ______ جلدی پانی دو۔ (1)

۲. گھر ______ دروازہ بڑا ہے۔ (1)

۳. ساجدہ ______ کتاب میز پر ہے۔ (1)

۴. میری بہن ______ بلّی ______ صندوق میں سونے دو۔ (2)

[30]

60 marks

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

SECTION B   PRESCRIBED TEXT

QUESTION 3   POETRY

سوال نمبر ۳ - نظم : پیارے ابو جان

بہت ہی اچھے ہیں انسان
ہمارے پیارے ابّو جان
ہم اُن کی کرتے ہیں عزّت   ہم اُن کی کرتے ہیں خدمت
LINE 3   ہمارے حق میں ہیں رحمت   خدا کا ایک بڑا اِحسان
ہمارے پیارے ابّوجان
بتاتے ہیں لے کر نام   بھلائی کے، نیکی کے کام
بتاتے ہیں، کیا ہے اِسلام؟   بتاتے ہیں کیا ہے اِیمان؟
ہمارے پیارے ابّوجان
نمازیں روز پڑھاتے ہیں   دُعائیں روز سکھاتے ہیں
LINE 9   ہمیں ہر روز بتاتے ہیں   بدی اور نیکی کی پہچان
ہمارے پیارے ابّو جان

کھلونے، بسکٹ، پھل، میوے   ہمیں دیتے ہیں لا لا کے
غرض کر دیتے ہیں پورے   ہمارے سارے ہی ارمان
ہمارے پیارے ابّو جان
ہمارے پیارے ابّو جان

(ابوالمجاہد زاہد)

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2021

Downloaded from eduresourceza.com

• پیارے ابوجان

جواب لکھیئے۔

سوال نمبر ۱

۱. ابوجان کیسے انسان ہے؟ (2)

۲. ابوجان ہمیں روزانا کیا بتاتے اور سکھاتے ہیں؟ (2)

۳. گھر واپس آتے ہیں تو ہمارے لئے کیا کیا لاتے ہیں؟ (2)

۴. ہمیں نمازیں اور دعائیں کیوں سکھاتے ہیں؟ (2)

۵. ہم اُن کی عزت اور خدمت کیوں کرتے ہیں؟ (2)

سوال نمبر ۲. اَشعار کی معنی لکھیئے:

۱. ہمارے حق میں ہیں رحمت — خُدا کا ایک بڑا احسان LINE 3 (2)

۲. ہمیں ہر روز بتاتے ہیں — بری اور نیکی کی پہچان LINE 9 (2)

سوال نمبر ۳ پیراگراف لکھیئے۔

اِس نظم کا خُلاصہ بیان لکھیئے۔ (٦-٨ لائن)۔ (6)

[20]

Downloaded from eduresourceza.com

Downloaded from eduresourceza.com

QUESTION 4 SHORT STORY

سوال نمبر ۵۔ کہانی

ہمارے کھیل

علی نے گھر کے سب کمروں میں دیکھا۔ بیٹھک اور باورچی خانے میں بھی تلاش کیا مگر عابدہ کہیں نہ ملی۔ آخر علی چھت پر چڑھ گیا۔ چھت پر عابدہ چھپی ہوئی تھی۔ علی نے اُسے پکڑ لیا اور کہا۔ اب مَیں باری لوں گا۔

ابا جان نے کہا: "تم آنکھ مچولی ہی کھیلتے ہو۔ کوئی دُوسرا کھیل بھی کھیلا کرو۔"

عابدہ نے کہا: "ابا جان! مَیں اور کھیل بھی کھیلتی ہوں۔ سکول میں رسّی کُودتی ہوں۔ سہیلیوں کے ساتھ کِکلی اور شٹاپو بھی کھیلتی ہوں۔"

علی نے بتایا: "ہم پھسلن سیڑھی کھیلتے ہیں۔ میں اپنے دوستوں کے ساتھ گُلی ڈنڈا بھی کھیلتا ہوں۔"

ابا جان نے کہا: "آؤ تُمھیں ایسے کھیل دِکھاؤں جو بچے اور بڑے دونوں کھیلتے ہیں۔"

ابا جان علی اور عابدہ کو کھیل کے میدان میں لے گئے۔ وہاں لڑکے فُٹ بال کھیل رہے تھے۔ وُہ فٹ بال کا کھیل دیکھ کر بہت خُوش ہوئے۔

ابا جان نے بتایا: ہاکی اور کرکٹ چھوٹے بڑے سبھی کھیلتے ہیں۔ کھیلنا بہت اچھی بات ہے۔ اس سے جسم میں طاقت آتی ہے۔ صِحت ٹھیک رہتی ہے۔

ہاں یہ یاد رکھو کہ ہر وَقت کھیلتے رہنا اچھا نہیں۔ کام کے وَقت کام اور کھیل کے وقت کھیل اچھا لگتا ہے۔

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2021

Downloaded from eduresourceza.com

ہمارے کھیل

جواب لکھیے۔

سوال نمبر ۱

۱. عابدہ اور علی کا کیا رشتہ ہے؟ (2)

۲. چار (۴) کھیلوں کے نام لکھیے۔ (2)

۳. اسکول میں لڑکے کون سے کھیل کھیلتے ہیں؟ (2)

۴. چھوٹے - بڑے کون سے کھیل میدان میں کھیل رہے تھے؟ (2)

۵. کھیل کھیلنا کیوں اچھی بات ہے؟ (2)

سوال نمبر ۲

الفاظ کو جملوں میں لکھیے۔

۱. تلاش۔ (1)

۲. جسم۔ (1)

۳. صحت۔ (1)

۴. میدان۔ (1)

۵. چھت۔ (1)

سوال نمبر ۳

پیراگراف لکھیے: (۶-۸ لائن)

"کام اور کھیل سب کے لئے بہت ضروری ہے۔" (5)

[20]

40 marks

Total: 100 marks

Downloaded from eduresourceza.com
IEB Copyright © 2021